سوال

(583) کیا عقیقہ کے لیے صرف بکرا اور رینڈھا ذبح کیا جائے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا عقیقہ کے لیے صرف بکرا اور رینڈھا ذبح کیا جائے؟ یا گائے، اونٹ وغیرہ بھی ذبح کیے جا سکتے ہیں؟ کیا عقیقے کا گوشت کچا تقسیم کیا جائے یا اس کو پکا کر دعوت کی جائے؟ (فیصل مختار) (۹ اکتوبر ۱۹۹۸ء)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عقیقہ بکرے اور رینڈھے کا ہونا چاہیے۔ گائے، اونٹ کے بارے میں وارد روایات ضعیف ہیں۔ عقیقے کا گوشت کچا اور پکا دونوں طرح تقسیم کرنا درست ہے۔ شریعت نے کوئی پابندی نہیں لگائی۔

هذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب الصوم: صفحہ: 436

محدث فتویٰ